# 3487 - زمزم كے ساتھ طہارت كرنى

**سوال**

زمزم كے پانى سے طہارت كرنے كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

ہمارے نزديك زمزم كے پانى سے طہارت كرنى مكروه نہيں، امام احمد رحمہ اللہ كے علاوه اكثر علماء كرام كا يہى كہنا ہے، ہمارى دليل ( اس كى ) دليل يہ ہے كہ اس ميں كوئى نہى ثابت نہيں ہے، بلكہ نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم سے آپ كا يہ فرمان ثابت ہے:

" پانى پاك ہے اسے كوئى چيز پليد نہيں كرتى "

اور عباس رضى اللہ تعالى عنہ سے جو زمزم كے پانى سے غسل كرنے كى ممانعت كے متعلق كہا جاتا ہے، وه عباس رضى اللہ تعالى عنہ سے ثابت نہيں.